آئی سی سی کے چیئرمین اور چیف ایگزیکٹیو آئندہ ہفتے پاکستان آئیں گے

لاہور28 مئی،2023ء:

انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کے چیئرمین گریگ بارکلے اور چیف ایگزیکٹیو جیف ایلرڈائس دوروزہ دورے پر منگل کو لاہور پہنچنے والے ہیں۔ یہاں وہ پاکستان کرکٹ بورڈ کی مینیجمنٹ کمیٹی کے چیئرمین اور آئی سی سی ڈائریکٹر نجم سیٹھی، چیف آپریٹنگ آفیسر بیرسٹر سلمان نصیر اور پی سی بی کے دیگر حکام سے ملاقات کریں گے۔

جیف ایلرڈائس آئی سی سی کے چیف ایگزیکٹیو اور جنرل منیجر کی حیثیت سے پہلے بھی پاکستان آچکے ہیں البتہ گریگ بارکلے کا یہ پاکستان کا پہلا دورہ ہے۔

گریگ بارکلے پندرہ سال کے عرصے میں پاکستان آنے والے آئی سی سی کے پہلے چیئرمین ہیں۔ آخری بار2008ء میں آئی سی سی کے صدر رے مالی نے پاکستان کا دورہ کیا تھا۔

اکتوبر2004ء کے بعد یہ پہلا موقع ہے کہ آئی سی سی کے دوٹاپ آفیشلز پاکستان کرکٹ بورڈ کے ہیڈ کوارٹر کا دورہ کریں گے۔

میڈیا کے نمائندوں کے لیے یہ موقع ہوگا کہ وہ منگل تیس مئی کو صبح گیارہ بجکر پنتالیس منٹ پر آئی سی سی کے چیرمین اور چیف ایگزیکٹیو کی قذافی اسٹیڈیم آمد کی کوریج کرسکیں گے۔اس سلسلے میں وہ رضا کیچلو سے فون نمبر03018440280 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

اس دورے کے اختتام پر پاکستان کرکٹ بورڈ آئی سی سی کے چیئرمین اور چیف ایگزیکٹیو کی وڈیو کلپ فراہم کرے گا جسے میڈیا ایڈیٹوریل مقصد کے لیے استعمال کر سکتا ہے۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial